میں رکھ کر جدید تعلیمی نظریات کی روشنی میں مختلف مدارج کے طلباء کے لیے آپ نے جو نصابی کتابیں لکھی ہیں وہ برِ صغیر ہند و پاک میں خراجِ تحسین حاصل کر چکی ہیں۔ اب موصوف نے لڑکیوں کا حق ادا کرنے کے لیے یہ نیا سلسلہ مرتب کیا ہے۔ زبان بہت آسان، مطالب نہایت عمدہ اور اندازِ ترتیب درسی ضروریات کے مطابق ہے تینوں حصوں میں ذہنی لحاظ سے موزوں تدریج پائی جاتی ہے۔ توقع ہے کہ مسلمان گھروں میں سونے اور موتیوں کے ہاروں سے زیادہ اس ایمانی و اخلاقی ہار کی قدر کی جائے گی۔

حیوانات قرآنی | از جناب مولانا عبدالماجد صاحب دریا بادی۔ شائع کردہ: مکتبہ ندوۃ المعارف (بنارس۔ الٰہ آباد کلکتہ)۔ قیمت مجلد ۱۲/

مولانا عبدالماجد صاحب مدیر صدقِ جدید نے اس مختصر کتاب میں اُن تمام حیوانات کا ذکر کیا ہے جن کا تذکرہ قرآن مجید میں آیا ہے۔ کتاب کی ترتیب لغت کے طرز پر حروفِ تہجی کے اعتبار سے ہے۔ ہر جانور کے متعلق بتایا گیا ہے کہ اس کا ذکر قرآن میں کہاں کہاں کس سلسلۂ بحث میں آیا ہے اور اس کے بارے میں دوسری معلومات بھی دی گئی ہیں۔ اگرچہ اس کا کوئی خاص فائدہ تو سمجھ میں نہیں آیا تاہم قرآن مجید کی علمی خدمت کا یہ ایک نیا گوشہ ہے اور اس کتاب پاک کی خدمت کا جذبہ بجائے خود قابلِ قدر ہے۔

آسان ریاضی | از جناب شوکت علی صاحب بی اے، ایل ٹی۔ شائع کردہ: مرکزی مکتبہ جماعتِ اسلامی (ہند) رام پور۔ یو پی۔ قیمت ۴/

یہ بھی ایک نصابی سلسلہ ہے جس کا چوتھا حصہ ہمارے سامنے ہے پیش لفظ سے واضح ہے کہ حسابی قاعدوں کو جدید طریقِ تعلیم کے لحاظ سے مرتب کیا گیا ہے پھر "اسلامی رنگ" حساب کے سوالوں میں حل کر دیا گیا ہے۔ اعدادِ مفرد و مرکب اور ان کے اجزائے ضربی نکالنا، اجزائے ضربی کے ذریعے ضرب و تقسیم کرنا، عادِ اعظم، نیز اضعافِ اقل، کسور اور ان کی جمع و تفریق، چاروں مفرد و مرکب قاعدوں کا عملی زندگی میں استعمال۔ کسورِ اعشاریہ دسویں تک لکھنا اور پڑھنا۔ آمد و خرچ کا حساب مرتب کرنا علم ہندسہ کے مبادیات نیز ضروری اوزان اور پیمانے، آسان ریاضی کے حصہ چہارم کے ذریعے بچوں کو سکھائے جا سکتے ہیں۔ ہم سفارش کرتے ہیں کہ پاکستان کے مرتبینِ نصابیات اور اساتذۂ کرام اس سلسلے کا بغور مطالعہ کریں اور بچوں کو اس سے استفادہ کرنے کی ترغیب دلائیں مدارس